<u>جناب عبدالرحیم میرداد خیل</u> : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ میں تحریک التواء پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ "جنگ" لاہور مورخہ ۸ فروری میں خبر شائع ہوئی ہے کہ شور کوٹ سے لاہور آنے والی ٹرین کے ایک ڈبہ کی لیٹرین سے دو نوجوانوں کی برہنہ لاشیں برآمد ہوئی ہیں ۔ جس کی وجہ سے ڈبہ میں سوار مسافروں میں سخت خوف وہراس پھیل گیا ۔ ڈبہ ٹرین سے علیحدہ کر کے پولیس نے لاشوں کو اپنے قبضہ میں لے لیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی ہے ۔ دونوں نوجوانوں کو آتشیں اسلحہ سے قتل کیا گیا ہے تاہم ابھی تک ان کے نام اور قتل کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکیں اس خبر سے ریل کے ذریعے سفر کرنے والے غریب عوام میں شدت سے عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے ۔ لہٰذا اس مسئلے پر ایوان میں بحث کی جائے ۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ?

**Syed Yousuf Raza Gilani:** I oppose it Mr. Chairman, Sir, the facts of the case, so far known to the railway administration, are that two dead bodies were found in the latrine of Coach No. S-4272 of L-428 down train at Kanjwani railway station on Shorkot-Tandlianwala section. Immediately on discovery of the dead bodies, a case under section 302 PPC was registered at Jaranwala police station under FIR No. 7/86 dated 4-2-1986. During investigations the deceased men were identified by their relatives whose names and addresses are as under:—

(i) Mr. Sarfraz S/o Bashir caste Woh, resident of Kor Havali, Police Station Balack, district Faisalabad, aged 27 years.

(ii) Mr. Shaukat s/o Wali Mohammad, caste Woh, resident of Kor Havali, Police Station Balack, district Faisalabad, aged 32/33 years.

After necessary post mortem, both the dead bodies were handed over to their relatives. Efforts are being made to trace out the culprits.

In view of the foregoing facts the honourable mover would not press for his adjournment motion as the case is under investigation by the Police. Thank you Sir.

جناب چیئرمین: میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! میں اتنی گزارش کروں گا کہ ریلوے پہلے ہی خسارے میں ہے اور یہ دور دراز سفر کرنے کا واحد سہارا ہے۔ لیکن اگر مسافر ایسے واقعات سنیں اور ایسے حادثات پیش آئیں تو پھر اس سے ممکن ہے کہ مسافر پرائیوٹ بسوں میں سفر کرنے کو ترجیح دیں۔ اس طرح ریلوے مزید خسارے سے دوچار ہو سکتی ہے۔ لہٰذا میں پریس تو نہیں کروں گا لیکن اس طرف توجہ کی سخت ضروورت ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ناٹ پریسڈ۔ جناب میرداد خیل صاحب نمبر ۸۲ اور جناب مولانا سمیع الحق صاحب نمبر ۸۶۔ یہ دونوں ایک ہی نوعیت کی ہیں۔ جناب میرداد خیل صاحب۔

## ADJOURNMENT MOTION; *RE:* FIRING ON MUSLIMS IN DELHI, INDIA

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۱۵ فروری کو ایک خبر روزنامہ نوائے وقت میں شائع ہوئی ہے کہ دھلی میں مسلمانوں پر پولیس کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، متعدد زخمی ہوئے ہیں۔ فیض آباد میں بابری مسجد کو ھندوؤں کے حوالے کرنے پر مسلمان یوم سوگ منا رہے تھے۔ ہزاروں مسلمانوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ مسلمان یوپی کے ضلع فیض آباد میں اودھیا کے مقام پر بابری مسجد کو، جسے مغل شہنشاہ بابر نے تعمیر کرایا تھا، ہندوؤں کے حوالے کرنے کے خلاف یوم سوگ منا رہے تھے۔ اس مسئلہ پر ۱۹۴۹ء سے ہندوؤں اور مسلمانوں میں سخت بے چینی پیدا ہوئی ہے لہٰذا بھارتی حکومت کو اس ایوان کے جذبات سے آگاہی کے لئے اس ایوان میں بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب زین نورانی صاحب۔

**Mr. Zain Noorani :** Well Sir, the adjournment motion, of course, is out of order. In view of the fact that it concerns happenings in a country which is not under the administrative control of the Government of Pakistan and in addition to this, I would like to make one thing very clear and hope that the honourable Senators will kindly keep it in mind that there are 11 crores *Musalmans* living in India and every time when we try to issue statements or to take up these matters in the National Assembly or in the Senate, I assure you Sir, we do not in any way help them. On the contrary, this thing goes against them that Pakistan is trying to help them and the other communities feel agrieved against them. So, the less we do about it, the better it is. But, in this particular case, it is not merely the question of the safety of the Indian Muslims but there is a sentimental matter also attached to the question of the *Masjid* about which the honourable Senator has referred and as such, if you would permit me, I would like to make a short statement.

According to available reports from India, the Muslim community is deeply resentful of the judgement of a district court in U.P. transferring the Babri mosque near Faizabad to the Hindu community. On Friday 14th February, 1986 the Muslims took out a procession in Delhi to protest against the judgement. They were subjected to *lathi charge* and firing as a result of which one person was killed and several injured.

Subsequently riots have been reported from Srinagar and from places near Bhopal. The toll of the dead in India has mounted.

The All India Muslim *Majlis-e-Mushawrat*, a representative Muslim organisation has submitted a memorandum addressed to the Indian Prime Minister, demanding the restoration of the *status quo* about the mosque until the title suits have been decided by a higher court. It has pointed out that the historic mosque, built over 450 years ago, has been converted into a temple by a judgement without a parallel in judicial history and without hearing the Muslim waqf board. The judgement which caused deep shock to the Muslim community was celebrated by Hindu community in some places as a victory. The *Majlis* has also appealed for a judicial inquiry into the violence against Muslims and demanded compensation for those killed and injured in the anti-Muslim violence. The *Majlis* has also urged all Muslim members of the Indian Parliament to convene and discuss ways and means to continue their struggle for the restoration of the mosque to the Muslim community.

The position of the Government of Pakistan on communal violence in India has been clearly stated on a number of various occasions. The Government of Pakistan strictly adheared to the principle of non-interference in the internal affairs of other states including India. It is the responsibility of the Government of India, to take appropriate measures to ensure the safety and security of the affected people and punish those responsible for these acts of violence. Of course, our people cannot remain indifferent to the plight of human beings particularly those with whom they share bonds of religion, culture, and family ties.

In view of the above, I would request the honourable Senators not to press his adjournment motion.

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ یہ مسئلہ ہندوستان کا واقعی موجود ہے اور زین نورانی صاحب بھی شائد ہجرت کر کے آئے ہوں گے۔ مسجد جہاں بھی ہو وہ مسلمانوں کا ایک عظیم مقدس مقام ہے۔ مسلمانوں کیلئے دنیا میں ہی مسجد ایک آخری سہارا ہے۔ قرآن خود کہتا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ چاہے وہ چین

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel]

کارہنے والا ہو' چاہے وہ سعودی عرب کا رہنے والا ہو یا ہندوستان میں ہو یا پاکستان میں ہو لیکن کہیں بھی ایک پر سختی ہو تو دوسرے مسلمان کا فرض بنتا ہے کہ اس کی مدد کے لئے ہراول دستے کے ساتھ وہ شامل ہو۔ اگر ہم مسجد اقصیٰ کے لئے اپیلیں کرتے ہیں اور بیرونی ممالک سے بھی یہ اپیلیں کرتے ہیں اور احتجاجی جلوس بھی نکالتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ہم اس کے لئے ہندوستان کی حکومت کو نہیں بتا سکتے۔ اس کے سفیر کو نہیں بتا سکتے' اس ایوان کی یادداشت اس کو نہیں پیش کر سکتے' کیا اس ایوان کے مسلمانوں کے جذبات سے اس سفیر کو آگاہ نہیں کر سکتے کہ ہندوستان میں یہ جو واقعات رونما ہوتے ہیں اس سے مسلمانوں میں خوف و ہراس پیدا ہوتا ہے بد دلی پیدا ہوتی ہے' دل شکنی پیدا ہوتی ہے اور ہمارے یہ مقدس مقامات ہیں اور ہم ان کا تحفظ چاہتے ہیں کیونکہ یہاں پاکستان میں ہندوؤں کے مندر ہیں سکھوں کے گردوارے ہیں لیکن وہ ہر جگہ محفوظ ہیں اور انکو کوئی نقصان وغیرہ نہیں پہنچتا۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ ہندوستان میں جو اقلیت ہے اور وہاں اقلیت کے طور پر مسلمان رہتے ہیں ان کا بھی حق ہے کہ وہاں ان کے حقوق کی پامالی نہ ہو اور پھر خصوصاً عبادت گاہیں' یہ تو تمام عالم اسلام کا ایک عظیم مقصد ہے۔۔۔۔ (مداخلت)

**Mr. Chairman :** Would you like to add anything further to what you have said ?

**Mr. Zain Noorani :** Sir, I have already said that this is a matter with which we are very much concerned and I would like to add that I am sure, the Embassdor of India is an educated person who will either read in tomorrow's newspaper not only the statement that I have read but also the sentiments expressed by the honourable Senator and he is bound to convey the same to his Government which would reflect the sentiments of every one in Pakistan.

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب' آپ اس پر اصرار کریں گے؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جیسے آپ کہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں انہوں نے فرمایا کہ جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا اور جو کچھ ہاؤس کے جذبات ہیں ہندوستان کا سفیر ضرور ان کا نوٹس لے گا اور ہندوستان کو پہنچا دے گا۔ لیکن اصولاً اور ٹکنیکلی جیسے اس دن بھی میں نے عرض کیا تھا یہ معاملہ ایسا ہے جو حکومت کی competence میں نہیں ہے۔

So it may be a matter of concern for the Government but it is not as matter of concern of the Government.

تو اس بنا پر اگر آپ مجھ پر چھوڑتے ہیں تو مجھے رول آؤٹ کرنا پڑے گا۔ آپ پریس نہیں

کریں گے تو میں وہی لکھ دوں گا کہ پریس نہیں کیا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : آپ نے تو پہلے ہی رول آؤٹ کر دیا میں یہ چاہتا ہوں کہ اگر یہ وزیر صاحب یقین دھانی کراتے ہیں تو آپ پر اور ان پر ' دونوں پر ہمارا اعتماد ہے ................. (مداخلت)

**Mr. Chairman :** Ruled out. Next ones stands in the name of Maulana Sami-ul-Haq, I think, it lapses as he is not there to move his motion. The next one by Maulana Kausar Niazi, No. 89, on the increase of sugar rates in the country due to recent increase in the rates of sugar cane.

## ADJOURNMENT MOTION; *RE:* INCREASE OF SUGAR RATES IN THE COUNTRY

مولانا کوثر نیازی : روزنامہ "جنگ" نے خبر دی ہے کہ گنے کی قیمت میں اضافے کے ساتھ ہی چینی کی قیمت بھی بڑھ گئی ہے اور اب چینی ساڑھے نو روپے سیر سے بھی زائد قیمت پر فروخت ہو رہی ہے ' تاجروں کے مطابق اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ درآمد کردہ چینی کے کسی جہاز کی آمد مستقبل قریب میں متوقع نہیں ہے اور پنجاب میں گنا فراہم نہ ہونے کی وجہ سے بہت سی ملیں بند ہو رہی ہیں ' عوام جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں ' چینی جیسی بنیادی ضرورت کی چیز کے مہنگا ہو جانے سے اور زیادہ پریشان ہو گئے ہیں۔

میں تحریک کرتا ہوں کہ اس صورت حال پر بحث کرنے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے۔

جناب چیئرمین : کچھ ایسے نظر آتا ہے کہ "لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم" یہ تیسری بار ہے کہ اس سیشن میں یہی چینی کا مسئلہ آ رہا ہے تو میرے خیال میں کچھ زیادہ ہی شرینی کا باعث بن رہا ہے جناب سرتاج عزیز صاحب '

**Mr. Sartaj Aziz :** Mr. Chairman, I would like to submit that under Rule 71 (d) the Motion is not admissible because the subject has been discussed both in the Senate and in the Assembly in the recent past. Also the news item is not factually correct. There has, in fact, been no increase in the price of sugar in the last two days, Sir. I would also like to mention that the decision to raise the sugar cane prices applies to the next crushing season and has no relationship with the

[Mr. Sartaj Aziz]

present cost of sugar production. Also the Government is taking urgent steps to release sugar from its stock and sell it at about Rs. 8.50 on the average. Today's whole-sale prices have already been come down both in Sind and Punjab by a few paisa which should be reflected in the reduced retail prices in the next few days. Also the private sector has already obtained import licences for 250,000 tons of sugar so far, in addition to the hundred thousand tons which the Government is importing. This is for an excess of the gap in sugar production this year. So, the Government is taking all possible measures and I am sure the situation will remain in control.

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: یہ مولانا صاحب کی جو موشن ہے یہ صحیح ہے اس طرح کہ یہ نئے حالات پیدا ہوئے ہیں اور وہ دو دن جو پیچھے گزرے ہیں اس میں کابینہ نے فیصلہ کیا ہے کہ گنے کی قیمت بڑھائی جائے گی۔

جناب چیئرمین: جب موشن ایڈمٹ ہو جائے اور مولانا صاحب کو ہاؤس یہ اجازت دے کہ وہ موشن پیش کریں تب یہ باتیں آ سکتی ہیں۔ فی الحال گنے اور چینی کی قیمتوں کا معاملہ ہے اور اسی سیشن میں یہی معاملہ دو دفعہ یہاں پر زیر بحث آ چکا ہے۔ لہٰذا وزیر محترم نے جو ارشاد فرمایا اس لحاظ سے............ (مداخلت)

مولانا کوثر نیازی: میں کچھ توضیحات عرض کروں گا۔

جناب چیئرمین: آپ ضرور توضیحات عرض کریں، آپ کا وہ حق بنتا ہے۔

مولانا کوثر نیازی: میں عرض کرتا ہوں کہ جیسے میرے دوست جنرل سعید قادر نے کہا یہ پرانی بات نہیں ہے جس پر یہاں بحث ہو چکی ہے۔ یہ بالکل نئی بات ہے اور قیمتیں اب بڑھی ہیں۔ اس فیصلے کے نتیجے میں بڑھی ہیں جس پر یہاں گفتگو ہوئی تھی۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ مسئلہ ڈسکس ہو چکا ہے، صحیح نہیں ہے۔ میں نے گنے کی قیمت بڑھ جانے پر تحریک التواپیش نہیں کی، میں نے چینی کی قیمت بڑھ جانے پر تحریک التواپیش کی ہے۔ جناب والا! آپ نے فرمایا کہ لذیذ بود حکایت......... میٹھی ہوتی ہے چینی، مگر اس کی کڑواہٹ ایسی ہے کہ ایک بہت بڑی حکومت کی جڑوں میں بیٹھ چکی ہے، جناب والا! اس کی مہنگائی کو آپ............ (مداخلت)

جناب چیئرمین: سکرین کڑوی ہوتی ہے جبکہ چینی کڑوی نہیں ہوتی۔

مولانا کوثر نیازی: مگر جناب جو نتیجہ نکلا ماضی میں آپ جانتے ہیں۔ ہماری حکومت کو اس سے صرف نظر نہیں کرنا چاہئے اس لئے کہ یہ عام آدمی کے استعمال کی چیز ہے۔ رہی یہ بات کہ سرتاج عزیز صاحب فرماتے ہیں کہ یہ حقیقت صحیح نہیں ہے تو کاش انہوں نے اسلام آباد

کی کسی دوکان پر جا کر یہ پوچھا ہوتا کہ چینی کس بھاؤ بک رہی ہے میں نے یہ پوچھنے کے بعد تحریک دی ہے۔ وزراء صاحبان جو ہیں کیک کھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ روٹی نہیں ملتی تو کیک کھاؤ یہ بات نہیں ہے جناب والا! حقیقت یہی ہے کہ قیمت بڑھ رہی ہے' اور یہ کل تک کی قیمت تھی ساڑھے نو روپے تک' ممکن ہے آج اس سے زیادہ بڑھ چکی ہو اور کل اس سے بھی زیادہ ہو اور حالت یہ ہے پیر عباس شاہ صاحب بیٹھے ہیں جو شوگر مل ڈیل کرتے ہیں' اگر آپ ان کو اجازت دیں تو وہ اس میں تصریحات پیش کریں کہ حکومت کے پاس کوئی سٹاک نہیں ہے کہ جو کمی کو پورا کر سکے۔ اس لئے جناب چیئرمین! یہ بہت ارجنٹ مسئلہ ہے' عام آدمی کی زندگی سے متعلق ہے بنیادی ضرورت سے متعلق ہے۔ اس لئے اسے ٹیکنی کلٹیز کی آڑ میں رول آؤٹ نہیں کیا جا سکتا۔

جناب سرتاج عزیز: جناب والا! میرے پاس آج تک کی آٹھ شہروں کی قیمتیں موجود ہیں۔ کراچی میں جنوری ۲۷ کو قیمت ۸ روپے ۸۷ پیسے تھی اور آج بھی ۸ روپے ۸۷ پیسے ہے۔ اور اس دوران میں ایک دن بھی قیمت نہیں بڑھی۔ اسی طرح ملتان میں جو قیمت تھی جنوری میں ۹ روپے ۲۵ پیسے' بیچ میں ۹ روپے ۱۲ پیسے ہوئی اور اب تک ۹ روپے ۲۵ پیسے فی کلو ہے اور پچھلے تین دن میں اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور جناب یہ ریٹیل پرائس ہے۔ اسی طرح پشاور میں اب تک ریٹیل لیول پر ۹ روپے ۲۵ پیسے پچھلے ۱۷ دن سے چلی آ رہی ہے۔ اس کے علاوہ لاہور میں ۹ روپے ۱۲ پیسے' سرگودھا میں ۹ روپے ۱۲ پیسے اور کوئٹہ میں ۹ روپے ہے۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شرین دل خان نیازی: پوائنٹ آف آرڈر' جناب والا! پشاور میں یوٹیلیٹی سٹور پر ۹ روپے ۵۰ پیسے ایک ہفتہ پہلے تھی۔

جناب سرتاج عزیز: یوٹیلیٹی سٹور کی پیکنگ خاص ہوتی ہے اس لئے وہ ذرا مہنگی بیچتے ہیں لیکن شہر میں ۹ روپے ہے اور انشاءاللہ آپ دیکھیں گے کہ چند دنوں میں یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن میں بھی چینی تقریباً ۸ روپے ۵۰ پیسے پر ملنے لگے گی کیونکہ حکومت نے کل ہی ایک خاص کوٹہ الاٹ کیا ہے کہ وہ مقررہ قیمت پر بیچیں۔ جناب والا! جو اقدام حکومت کر سکتی ہے وہ ہو چکے ہیں۔ اگر فاضل ممبر اس پر یقین رکھیں تو اس سے چینی کی قیمتوں پر ضرور اثر پڑے گا۔ اگر آئندہ چند دنوں تک یا ایک مہینے تک کوئی غیر معمولی رجحان پیش آیا تو ہم خود وہ حقائق پیش کریں گے اگر اس پر بحث کرنے کی ضرورت ہو تو ضرور کی جائے اس وقت تک چند دنوں میں کوئی غیر معمولی رجحان قیمتوں میں نہیں آیا۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! میں صرف اتنی گزارش کروں گا کہ یہ قیمتیں ڈی سی اور ایس پی کے ذریعے سے آتی ہیں۔ ظاہر ہے وہ صحیح نہیں ہوتیں' اگر آپ اتنا کرم فرمائیں کہ

[Maulana Kausar Niazi]

آپ اس کو سنڈے کو ٹیک اپ کر لیں ' اور اس دوران دو تین سینیٹرز کو متعین کر دیں کہ وہ پنڈی ' اسلام آباد اور گوجر خان جا کر عام قیمتیں معلوم کر لیں ' اور یہاں رپورٹ کریں ' تو میرا خیال ہے کہ میری تحریک کی authenticity جو ہے ' وہ ثابت ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: اگر آپ مجھے کسی ایسے طریقہ کار کی نشاندہی کر سکتے ہیں جس کے ذریعے آپ جو تجویز کر رہے ہیں اس کو میں قبول کر سکوں ' تو مجھے بہت خوشی ہو گی۔

مولانا کوثر نیازی: جناب سینیٹرز والنٹئیر کرنے کو تیار ہوں گے۔

جناب چیئرمین: رولز کے مطابق بات ہونی چاہئے کہ یہ ایڈجرنمنٹ موشن ہو سکتی ہے۔

مولانا کوثر نیازی: اس میں جناب کوئی ایسی بات جو میں نے تجویز کی ہے کوئی رول اس میں آڑے آئے۔ کوئی ایسا رول ہے جو رکاوٹ بنتا ہے؟

جناب چیئرمین: رولز کے بارے میں ' یہی میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ رول دو ہیں ایک تو وہ جو ابھی کوٹ کیا گیا۔

It shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session or in the Assembly within the last six months.

پچھلی دو موشنز جو تھیں ایک مولانا سمیع الحق صاحب کی ' اس کا مضمون ہی یہی تھا کہ

The motion 6 to discuss the matter regarding to increase of price of sugar soon after the lifting of Martial Law which, according to the mover, is causing a great deal of anxiety in the general public.

یہی موشن تھی جس کو ریجکٹ کیا گیا۔

مولانا کوثر نیازی: جناب میں نے مارشل لاء کے بعد کی بات تو نہیں کی۔

جناب چیئرمین: شوگر پرائس کی بات کی ہے دونوں میں جو قدرے مشترک ہے وہ شوگر پرائس ہے۔

مولانا کوثر نیازی: میں نے عرض کیا ہے کہ گنے کی قیمت بڑھانے کے بعد یہ واقعہ ہوا ہے۔ تو یہ recent accurence ہے۔

جناب چیئرمین: جو گنے کی قیمت کی بات تھی ' ابھی آپ نے ارشاد فرمایا آپ گنے کی قیمت کے اضافے کی بات نہیں کر رہے۔

مولانا کوثر نیازی: میں اسی کی بات کر رہا ہوں مگر اس کے خلاف تحریک پیش نہیں کر رہا میں نے اس کی مناسبت سے یہ دی ہے۔

جناب چیئرمین: ابھی تو آپ نے کچھ اور کہا، بہر حال اس کے جو مضمرات ہیں جو چینی کی قیمت میں اضافے کی شکل میں نمودار ہو رہے ہیں، وہی آپ کی تحریک ہے۔

مولانا کوثر نیازی: ابھی چونکہ دو تین چار دن قبل یہ فیصلہ ہوا ہے اس سے پہلے تو یہ فیصلہ ہی نہیں ہوا تھا تو یہ ڈسکس کہاں ہونا تھا۔

جناب چیئرمین: جہاں تک Sugar prices کی بات ہے حال ہی میں Sugar prices کا موضوع یہاں discuss ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ

besides the fact that the subject has already been discussed in the recent past, in a free economy, prices would always keep on fluctuating according to market conditions, and such price changes can not legitimately be made the subject of an adjournment motion.

اگر ہم یہ اصول ترک کر دیں تو میرے خیال میں یہ ہاؤس اور کچھ کرے گا ہی نہیں، سوائے اس بات کے کہ ہم ہر روز آٹے، دال اور چینی کی قیمتوں کی تفتیش کریں اور متعین کریں۔

So, I think, it is being ruled out.

اگلی تحریک التوا جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کی ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: دو تو ہو گئی ہیں، قانونی نقطہ نگاہ سے۔ تو اچھا نہیں لگتا، مناسب نہیں کہ..................

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، پھر آپ گلہ نہ کریں، کہ آپ کی موشن.................. (مداخلت)

## ADJOURNMENT MOTION; *RE:* STATEMENT OF CHAIRMAN OF P.I.A. ABOUT LOSS SUFFERED IN A PLANE ACCIDENT

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اچھا، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۱۱ فروری ۱۹۸۶ء کو روزنامہ حریت کراچی میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ پی آئی اے کے مینیجنگ ڈائریکٹر ائر مارشل ایم داؤد ہالے پوتہ نے کہا ہے کہ پی آئی اے کے طیارے کے حادثے سے ہمیں کوئی مالی نقصان نہیں ہوا۔ اور مزید یہ بھی کہا ہے کہ پی آئی اے میں ٹریڈ یونین سرگرمیوں کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین پی آئی اے کے اس بیان سے ایک بہت بڑی غلط فہمی پیدا ہوئی اور حال یہ ہے کہ طیارے کے حادثے میں کروڑوں کا نقصان ہوا ہے اور مزید یہ کہ اس سے ہوائی اڈے میں کئی دن پروازیں معطل ہوئی تھیں تو بہت بڑا نقصان ہونے

کے باوجود بھی چیئرمین پی آئی اے نے کہا کہ نقصان نہیں ہوا' ایوان میں پی آئی اے چیئرمین کے بیان پر غور کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام میں بداعتمادی ختم ہو سکے۔

جناب چیئرمین: جناب زین نورانی صاحب

**Mr. Zain Noorani :** Opposed Sir.

Sir, First and foremost, it is the practice of all Parliaments ......................(*interruption*).

جناب چیئرمین: اردو میں اگر آپ ارشاد فرمائیں۔

جناب زین نورانی: پہلی بات یہ ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشن کا نوٹس دینے کے لئے کسی شخص کے بیان کو بیسز نہیں بنایا جا سکتا' اس لئے کہ وہ ایک شخص کی opinion ہوتی ہے fact or incident سے relate نہیں کرتی ہے جس کا ایڈجرنمنٹ موشن کے لئے ہونا ضروری ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو نوٹس دیا گیا ہے اس میں کس چیز پر ایڈجرنمنٹ موشن move ہو رہا ہے آیا ایکسیڈنٹ ہونے کی وجہ سے نقصان نہ ہونے پر ہو رہا ہے یا یونین کو اپنی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں دو چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایک کا نہیں کیا گیا' جیسا کہ قواعد کے مطابق ضروری ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ یہ بالکل غلط بیانی سے کام لیا جا رہا ہے۔ پی آئی اے کے چیئرمین نے یہ جو بیان دیا تھا کہ پی آئی کو نقصان نہیں ہوا۔ وہ صرف ایکسیڈنٹ کی وجہ سے طیارے کے نقصان سے متعلق ہے کہ وہ نقصان نہیں ہوا۔ یہ انہوں نے کہا تھا' اس لئے کہ وہ مکمل طور پر insured ہے اس لئے یہ حقائق کے خلاف ہے کہ ایک سے زیادہ مسئلوں کے اوپر توجہ دلائی گئی ہے تیسرا ایک آدمی کی پریس سٹیٹ منٹ ہے۔ So, it does not relate to one definite fact.

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب'

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! یہ پی آئی اے کا جو چیئرمین ہے یہ کوئی معمولی شخص نہیں ہے اور یہ حکومت سے باقاعدہ تنخواہ لیتا ہے اور وہ تنخواہ اس قوم کے ٹیکسوں سے اس کو ملتی ہے۔ تو ایک ذمہ دار شخص غلط بیانی سے کام کیوں لے۔ پھر اس نے اخباری نمائندوں کو یہ بتایا ہے کہ مالی لحاظ سے ملک کا اتنا بڑا نقصان نہیں ہوا' اگر آپ دیکھیں کہ انسانی جسم کی ایک انگلی کو اگر کوئی نقصان پہنچے اور وہ زخمی ہو جائے تو سارا بدن تڑپ اٹھتا ہے۔ جہاز کو جو نقصان پہنچا ہے اور اس سے بین الاقوامی جو پروازیں معطل ہوئی ہیں اور خود وزیر اعظم

صاحب اس کی انسپکشن کے لئے گئے ہیں۔ وہاں پر انہوں نے خصوصی ہدایات دی ہیں کہ جلد سے جلد اس ہوائی اڈے کو چالو کیا جائے۔ تاکہ جو مالی نقصان ہو رہا ہے وہ ختم ہو جائے اور پروازیں جو ہیں وہ شروع ہو جائیں۔ اتنا بڑا چیئرمین ہو کر ابتدا میں اتنی بڑی غلطی کرتا ہے تو آگے انتہا تک جب پہنچے گا تو کیا ہو گا؟ تو یہ ایک ذمہ دار شخص ہے اور اس نے بیان دیا ہے۔ اس سے باز پرس کی جائے کہ آخر آپ نے یہ بیان دیا ہے تو کس حیثیت سے دیا ہے۔

جناب زین نورانی: سر، اب آپ مجھے بتائیں آپ نے مجھے اردو میں بولنے کے لئے مجبور کیا، اگر میں جرمن میں بھی بول لیتا تو کیا فرق پڑتا تھا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اگر یہ جرمنی میں بولیں گے تو میں عربی میں بولوں گا۔ اگر آپ عربی میں بولیں گے تو میں فارسی میں بولوں گا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں جو وزیر محترم نے فرمایا جہاں تک پی آئی اے کے جہاز کے نقصان کا تعلق ہے کیونکہ وہ پورا insured ہے تو اس وجہ سے جو مینجنگ ڈائریکٹر نے کہا ہے کہ پی آئی اے کو اس جہاز کے حادثے میں مالی نقصان نہیں ہوا چونکہ وہ جہاز insured ہے اسلئے اس sense میں اس نے کہا ہے۔ باقی آپ کی جو موشن ہے اس میں دو چیزیں ہیں ایک تو پی۔ آئی۔ اے کے چیئرمین کی غلط بیانی ہے یا اس نے غلط تاثر دیا ہے اور نقصان ہوا ہے اور تیسرا اس میں پی آئی اے کی لیبر یونین کی سرگرمیوں کے متعلق ہے تو وہ دونوں چیزیں ایک موشن میں نہیں آسکتیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اصل میں بات یہ ہے کہ اخبار کا پورا تراشا اور پوری عبارت میں نے تحریک التوا میں لکھی ہے اخبار میں سرخی یہ تھی کہ پی آئی اے کے طیارے کو مالی نقصان نہیں پہنچا، وہ سرخی اور وہ متن میرا مدعا تھا، پھر آپ کہتے ہیں آپ نے پوری تفصیلات نہیں دی ہیں، تو وہ میں نے احتیاطاً.................. (مداخلت)

جناب چیئرمین آپ کی موشن صرف اسی بات پر ہے کہ اس نے غلط بیان دیا ہے کہ پی آئی اے کو نقصان نہیں ہوا، جس کی میرے خیال میں انہوں نے معقول وجہ پیش کی ہے۔ چونکہ جہاز پورا کا پورا سو فیصد insured تھا جو نقصان ان کو جہاز کی وجہ سے ہوا ہے اس کی پوری تلافی ہو جائے گی، تو اس کو میرے خیال میں آپ پریس نہ کریں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! آپ یہ بتائیں کہ سائیکل کا پرزہ اگر آج کل پانچ روپے میں ملتا ہے تو جہاز کا ایک پرزہ خراب ہو جائے تو وہ کتنے ہزار روپے کا ملے گا؟

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اس نے غلط بیانی سے کام نہیں لیا ہے۔ جس سلسلے میں اس نے بات کی ہے کہ جہاز کو جو نقصان ہوا ہے۔ ـ ـ ـ ـ ـ ـ (مداخلت)

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جہاز کو نقصان پہنچا ہے یا نہیں پہنچا ہے میری تحریک کو تو اس نے نقصان پہنچا دیا ہے۔

**Mr. Chairman :** So, this brings to the end of the adjournment motions and we begin discussion on the Reports of the Council of Islamic Ideology, for the year 78-79, right upto 83-84.

نماز کے بعد لے لیتے ہیں۔ ابھی چونکہ اذان نہیں ہوئی' اس میں یہ فیصلہ کر لیتے ہیں۔

Would you like to discuss the reports collectively as a whole or as was decided the other day, subject-wise?

جناب شاد محمد خان: جناب والا! اس بات کی میں تائید کرتا ہوں کہ رپورٹس میں repetition بہت ہے۔ لہٰذا ان کو اکٹھا لیا جائے۔

جناب چیئرمین: جی اکٹھا لیا جائے لیکن سبجیکٹ وائیز۔ تو اس پر فیصلہ یہ ہوا تھا کہ That was the first پہلے ہم عبادات سے شروع کرتے ہیں۔

Then gradually we will proceed to the other subjects. The House is adjourned to meet again at 6.30 p.m.

---

*[The House Adjourned for Maghrib Prayer.]*

---

*[The House re-assembled after Maghrib Prayers, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].*

---

## DISCUSSION ON: THE C.I.I.'s REPORTS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بحث کا آغاز کرتے ہیں۔

Who is going to fire the first shot.

معزز اراکین: لیڈر آف دی ہاؤس۔

جناب چیئرمین: تو کوئی بسم اللہ کرے۔ جناب چھتاری صاحب۔ - - - جو سبجیکٹ آج کے لئے سلیکٹ کیا گیا ہے وہ عقائد و عبادات کا ہے۔

جناب راحت سعید چھتاری: حضور والا! جہاں تک عبادات کا تعلق ہے ہمیں کلام

پاک سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اس نے انسانوں اور جنوں کو پیدا کیا ہے "الا یعبدون" اور ایک موقع پر فرمایا ہے کہ یہاں تک عبادت کرو کہ تمہاری موت واقع ہو جائے یا تمہیں اس کا یقین ہو جائے۔ یہ دو بڑی واضح اور کھلی ہوئی آیات ہیں کہ جس پر مسلمانوں کو عمل پیرا ہونا چاہئے۔ لیکن بدقسمتی ہماری یہ ہے کہ ہم اس پر عمل پیرا نہیں ہو رہے ہیں۔ اور جو راستہ ہمارے لئے کھولا جا رہا ہے کہ دفاتر میں اس کا یہ انتظام ہو اور فلاں جگہ اس کا یہ انتظام ہو اس سے مجھے کوئی مسلمان بنتا ہوا نظر تو نہیں آتا، البتہ منافق بہت سے بنتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ اس لئے کہ جوان دفاتر میں نماز پڑھے گا وہ پریذیڈنٹ ضیاء الحق کو خوش کرنے کے لئے پڑھے گا یا اپنے سیکرٹری کو خوش کرنے کے لئے پڑھے گا کہ میری اے سی آر ٹھیک ہو سکے اور مجھے پروموشن صحیح مل سکے۔ لیکن مسلمان اس کے باوجود وہ نہیں ہو گا۔ ہمیں دیکھنا یہ چاہئے کہ ہم اس مملکت میں اسلام کے اصولوں کی پروی کر کے مومنین کی تعداد بڑھا رہے ہیں یا منافقین کی۔

اب مسئلہ رہ گیا عقیدے کا۔ تو ہمارا عقیدہ جو ہے وہ واضح اور کھلا ہوا ہے۔ اور وہ اللہ کی وحدانیت پر منحصر ہے اور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ اس کے بعد شریعت کے جو رولز ہیں ان پر ہمیں کامل یقین ہے اور وہ ہمارے ایمان کا جزو ہیں۔ رولز کو کبھی بدلا نہیں جا سکتا ہے۔ کسی حالت کسی زمانے کسی دور میں لیکن ریگولیشنز ہمیشہ ریویو کئے جا سکتے ہیں۔

گزارش یہ ہے کہ اسلام کا نفاذ کرنے کیلئے ریگولیشنز کو ۸۶ء کے مطابق regularize کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ نفاذ اسلام کے ساتھ ساتھ نفوذ اسلام بھی ہو سکے۔ اگر یہ مقصد نہیں ہے اور منافقین کی تعداد بڑھانا ہے تو پھر ٹھیک ہے۔ کوڑے ہاتھ میں لیجئے لوگوں سے دفتروں میں نمازیں پڑھوائیے۔ گھر جا کر وہ نہ نماز پڑھیں گے نہ روزہ رکھیں گے نہ زکوٰۃ دیں گے۔

اس کے علاوہ اگر کسی شخص کا کوئی عقیدہ ہے کہ جس کا تعلق شریعت محمدیہ سے نہیں ہے تو میرے نزدیک وہ مسلمان نہیں ہے۔ میرا یہ ایمان اور یقین ہے کہ "لا اکراہ فی الدین" کے پیش نظر کسی کے اوپر مجھے ظلم کرنے کا حق نہیں ہے۔ جس طرح میں اپنے مذہب پر قائم ہوں اسی طرح وہ بھی میرے مذہب پر قائم ہو، یہ کوئی لازمی نہیں ہے۔ یہاں پر قرآن شریف کا واضح حکم ہے کہ میرا دین میرے لئے ہے اور تمہارا دین تمہارے لئے ہے۔ یہ کہہ کر اس کو چھوڑ دینا چاہئے اور جو بات ضیاء الحق صاحب نے کہی تھی وہ بہت ہی لاجواب بات ہے کہ اپنے

عقائد کو چھوڑیئے ناں اور دوسروں کے عقائد کو چھیڑیئے ناں۔ اتنا عرض کرنے کے بعد میں اجازت چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب نوابزادہ جوگیزئی صاحب۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: آعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! یہ موضوع اتنا دقیق ہے اور اس میں اتنی عمیق گہرائیاں ہیں کہ اس پر گفتگو کرنے کے لئے ایک سمندر جیسے وسیع علم کی ضرورت ہے۔ اللہ کی وحدانیت، قرآن کی حقیقت اور معاشرے کی اصلاح اسلام کے ذریعے کرنا۔ میں رات بھر اسی فکر میں غوطے کھاتا رہا کہ کہاں سے شروع کروں۔ اسلام کب سے ہے اور ادیان میں بگاڑ کب سے شروع ہوا، اصل مقصد دین کا کیا ہے۔ یہ تمام علوم ہم کو قرآن سے ملتے ہیں۔ سب سے پہلے جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو تخلیق کیا اور فرمایا کہ میں زمین پر خلیفہ بنانے والا ہوں۔ آدم علیہ السلام کو خلق کرتا ہوں۔ فرشتوں نے اعتراض کیا کہ کیا ہم عبادت کے لئے کم ہیں آدم زمین پر فساد کرے گا اور خون بہائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے امتحان میں ڈال دیا۔ فرشتوں سے کہا کہ ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ فرشتوں نے کہا کہ ہمیں وہ چیز معلوم ہے جو آپ نے بتائی ہے لیکن ان کا ہمیں علم نہیں ہے۔ چنانچہ جب آدم علیہ اسلام سے پوچھا گیا تو اس نے تمام چیزوں کے نام بتا دیئے۔ نام سے مطلب کیا ہے۔ درخت بھی ایک نام ہے لیکن درخت ایک علم ہے آسمان ایک نام ہے لیکن آسمان ایک علم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو روئے زمین پر خلیفہ بنا کر اس پر ذمہ داری ڈال دی۔ اور اس ذمہ داری کے ساتھ انکو یہ تنبیہ بھی کی، یہ ہدایت بھی کی کہ اپنے بندوں میں سے میں تمہاری رہنمائی کے لئے وقتاً فوقتاً رسول بھیجا کروں گا۔ جب وہ رسول تمہارے پاس آئیں تو تم ان کی پیروی کرو۔ اس پیروی میں کیا فائدہ مضمر ہے۔ یہ ایک عمیق اور بہت زبردست علم ہے۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنے تھوڑے سے علم اور ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں اس کی تھوڑی سی جھلک دکھا سکوں۔ قرآن کے نزول سے پہلے جو انبیاء آئے ہیں، ان پر بھی کتابیں نازل ہوئی ہیں مگر وہ ادیان تھوڑی دیر تک چل سکے، معاشرے میں کچھ اصلاح بھی ہوئی۔ لیکن ان کے جو عالم تھے انہوں نے اس کو مختلف تفاسیر سے ایسے توڑ مروڑ دیا کہ ان کی صحیح حقیقت بالکل مسخ ہو کر رہ گئی۔ اور معاشرے میں ظلم اور بے راہ روی پھر سے شروع ہو گئی۔ اسی طرح نبیوں کا سلسلہ جاری رہا۔

ایک مضمون ۱۹۶۰ کے اکتوبر میں ڈائجسٹ میں آیا تھا، بڑا وزن دار تھا۔ اس میں لکھا

تھا کہ سات وجوہات ہیں جن کی بنا پر ایک خدا پر ایمان رکھنا پڑتا ہے۔ آخر میں اس نے لکھا تھا کہ ہمارے تحت الشعور میں یہ خواہش کیوں ہے کہ ہم ضرور ایک ایسی طاقت کی طرف مائل ہوں اور اسے خدا تصور کریں۔ ہم نے دیکھا کہ انسان چاہے وہ بت پرست ہے اس شعور کو اس خواہش کو تصور میں لاکر کسی نے اس کا بت بنایا کسی نے اپنی طرف سے اور بھی تفسیر کی۔ اور کئی تصورات اس نے اپنی عبادات میں شامل کیے۔ اگر آپ کسی ہندو سے پوچھیں کہ تم بت کو کیوں سجدہ کرتے ہو، تو وہ یہی جواب دے گا کہ میں اس ذریعہ سے اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہوں۔ آپ انجیل کو پڑھیں، آپ دوسری کتابیں پڑھیں۔ ہر مذہب نے یہ تصور دیا ہے کہ ایک خداوند کریم ہے جو لاشریک ہے اور مرنے کے بعد ایک زندگی ہے۔ جب انسان کے ذہن میں یہ بات آجاتی ہے کہ خداوند کریم ہے خداوند کریم کا تصور انسان کے اپنے سے بالاتر ہے۔ جب انسان توحید پر یقین رکھتا ہے اور رسول کی پیروی کرتا ہے اور عبادت کرتا ہے تو گناہوں سے بچتا ہے اور نیکیوں کی طرف بڑھتا ہے اور اسطرح اس کی طاقت اتنی بڑھ جاتی ہے اور اسکے دل میں یہ یقین ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کا انسان پر یہ اثر ہوتا ہے کہ وہ شیطان سے بے خوف ہو جاتا ہے۔ وہ کسی کے ڈر میں آتا ہے نہ طمع میں آتا ہے۔ تحقیق انسان خسارے میں ہے ماسوائے ان کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے، عمل کرنے کے بعد "و تواصو بالحقو تواصو بالصبر" اب حق کا ساتھ صرف وہ شخص دے سکتا ہے جو صرف خدا پر یقین رکھتا ہو جب یہ کہے کہ اگر کوئی مصیبت اس پر آجائے تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف رجوع کروں گا۔ پھر تو وہ "وتواصوبالحق وتواصو بالصبر" یعنی حق اور صبر کا دامن پکڑے رہتا ہے۔

یہ خوبیاں انسان میں صرف توحید اور رسالت کی پیروی سے پیدا ہوتی ہیں اور جب انسان اس فکر سے علیحدہ ہو جائے یعنی یہ فکر اس کے سامنے نہ ہو، یہ تصور اور یہ بنیاد اس کے ذہن میں نہ ہو تو اس کا کردار کس کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے طاغوت کے پاس، سرکش نفس کے پاس، نفس جب سرکش ہو جاتا ہے تو اپنے فائدے کیلئے وہ خون کرنے کو بھی جائز سمجھتا ہے، وہ ڈاکے ڈالنے کو بھی جائز سمجھتا ہے وہ ہر قسم کے جھوٹ فریب سے اپنا کام نکالتا ہے اور اسکا ضمیر اسکو ملامت نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے دین مکمل کر دیا اور قرآن کریم کے متعلق خداوند تعالیٰ نے کہہ دیا کہ اس کی میں حفاظت کرنے والا ہوں تاقیامت، اس دین کی میں حفاظت کروں گا، اور آج تک اس قرآن میں زیر زبر کا فرق نہیں آیا۔ لاکھوں لوگ اس کو زبانی یاد کرتے ہیں۔ اتنی بڑی کتاب، ۶ ہزار یا کتنی اس کی آیات ہیں سب زبانی یاد ہوتی ہیں۔ مگر آپ

کسی اور کتاب کو دیکھیں ، انجیل کو دیکھیں ، آپ تورات کو دیکھیں ، آپ بھگوت گیتا کو دیکھیں ، جتنی بھی مذہبی کتابیں ہیں ، کوئی بھی مذہب نہیں ہے جس کی کتاب کے اتنی تعداد میں لوگ حافظ ہوں جتنے قرآن کے حافظ ہیں ۔ عالموں سے سنا ہے کہ قرآن شریف میں تین لاکھ ۷۶ ہزار علوم ہیں ۔ ایک دن میں نے بھی کوشش کی کہ ذرا میں بھی اس کو کھنگالوں ، اب آپ ایک ہی چیز دیکھیں ، قرآن جس زمانے میں اترا تھا ۔ یہ شاعروں کا زمانہ تھا ۔ بڑے بڑے جید شاعر موجود تھے لیکن اس وقت جب یہ آیات کعبے میں آویزاں ہوئیں اور عمر قیس وہاں آئے تو انہوں نے کہا کہ یہ انسان کا قول نہیں ہو سکتا ۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کے متعلق فرمایا کہ " ذلک الکتاب لا ریب فیہ " ۔ اس کتاب میں کوئی شک نہیں ہے ۔ یہ بھی دنیا کو اب تک ایک چیلنج ہے ۔ آپ دیکھیں سورۃ رحمان میں کہا گیا ہے " والا تخسرو المیزان " اب یہ لفظ ایک دوکاندار کے لئے تو ہے کہ کھجور کو تولو تو صحیح تولو ، گڑ تولو تو ٹھیک تولو ، لیکن ایک سائنس دان کے لئے ایک بہت بڑی چیز ہے کہ ہوا کے تناسب میں آپ ذرا گڑبڑ کریں تو کیا نتیجہ نکلتا ہے آپ پانی کا تناسب جو ہے ہائیڈروجن اور آکسیجن کا تناسب بگاڑ دیں تو کیا نتیجہ نکلتا ہے ۔ آپ کچھ اٹیم بم یہاں ڈال دیں اس سے فضا میں جب تغیر آجاتا ہے تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے ۔ دوسری بات اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ فساد بڑھ گیا بحروبر میں ، جس زمانے میں قرآن نازل ہوا وہاں اس وقت یہ تصور نہیں تھا کہ جنگ خشکی اور تری دونوں میں ہو گی اور تمہارے اپنے ہاتھوں سے ، اس زمانے کی قوم کو ، اس ملک کو ، اس نبی آدم کو اس زمانے کو تنگ بھی کر رہے ہیں کہ ایسے ہتھیاروں سے زمین میں بھی اور دریا میں بھی جنگ کرو گے جس کی وجہ سے تم اس سے تباہ ہو جاؤ گے ۔ تا کہ اس بات کو سن کر وہ اپنی اصلاح کریں اور یہ جو انسان کے ذہن میں ہے اور خواہش ہے کہ میری قوم دوسری قوم پر حملہ کرے ، ایک ملک دوسرے ملک پر حملہ کر کے اس کو فتح کرے یہ انسان کی وہ خواہشات ہیں جو صحیح خواہشات نہیں ہیں ۔ ان خواہشات کا اصل علاج اسلام ہے ۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس زمانے کے آدمی کو تنبیہ کی کہ تمہارے ہاتھوں سے ، بحروبر میں فساد پھیل گیا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے ، عجب نہیں کہ وہ باز آجائیں ۔

میں اب کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان کی جو تعریف قرآن میں کی ہے وہ یوں ہے ۔ مسلمانو ! نیکی یہ نہیں کہ نماز میں اپنا منہ مشرق کی طرف کرو یا مغرب کی طرف بلکہ اصل نیکی تو ان کی ہے جو اللہ اور روز آخرت پر ، فرشتوں پر ، آسمانی کتابوں پر اور پیغمبروں پر ایمان لائے اور مال و

زر اللہ کے حکم پر رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں، مسکینوں، مسافروں اور مانگنے والوں کو دیا اور غلامی وغیرہ کی قید سے لوگوں کی گردنیں چھڑانے کے لئے دیا اور نماز پڑھتے رہے، زکوٰۃ دیتے رہے اور جب کسی بات پر اقرار کیا، تو اپنے قول کو پورا کرنے کے لئے تنگی اور تکلیف میں ثابت قدم رہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو دعویٰ اسلام میں سچے نکلے اور یہی ہیں جن کو پرہیز گار کہنا چاہیے۔

دوسری آیت میں ہے پس سچے مسلمان تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر کسی طرح کا شک وشبہ انہوں نے نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنی جان و اعمال سے کوشش کی حقیقت میں سچے مومن ہیں، اب یہاں جان ومال سے مطلب کیا ہے۔ "جان ومال سے اللہ کے راستے میں کوشش کی" کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے معاشرے کے لئے مسلمانوں پر ایک فرض یہ بھی عائد کیا ہے کہ " امر بامعروف ونہی عن امنکر" جب تک امت میں یہاں انسانوں کے معاشرے میں برائی سے روکنے والے لوگ ہوں گے اس وقت تک اس معاشرے میں بگاڑ نہیں ہوتا۔ بگاڑ اس وقت ہوتا ہے جب یہ آواز بند ہو جاتی ہے۔ پھر انسان کے سامنے کوئی مشکل نظر نہیں آتی، پھر اس کی رہنمائی اس کی بھاگ دوڑ جو ہے وہ شیطان لے لیتا ہے اور پھر جب انسان شیطان کے ہاتھ میں پڑ جاتا ہے اسکی جنگ شیطان سے ہوگی۔ جب آخرت میں انسان سے پوچھا جائے گا تو وہ شیطان سے کہے گا کہ تم نے مجھے خراب کیا، شیطان اس کو یہی کہے گا کہ جناب، میں نے تو تم کو کہا لیکن کام تو تمہارا تھا۔ اب یہاں پر اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ میں نے یہ بوجھ پہاڑوں پر ڈالا تو انہوں نے انکار کیا۔ انسان بہت جھول ہے اس نے بوجھ کو اٹھالیا وہ بوجھ کیا ہے، وہ بوجھ اس کی رضا ہے، کیونکہ مسبّد الاسباب خدا ہے آپ برائی مانگیں تب بھی اسباب اللہ تعالیٰ دیتا ہے آپ اچھائی کریں تب بھی یعنی وہ تمیز آپ کو دے دی، تمیز ہی کو عقل کہتے ہیں، برائی اور اچھائی میں تمیز کرنا ہی عقل ہے۔ یہ انسان کو دیکھ کر کہ انسان کو بہت ہی بڑے امتحان میں ڈالا گیا ہے اللہ تعالیٰ نے تین جگہ پر فرمایا ہے کہ اگر تم مجھ پر ایمان لاؤ گے اور رسول کی پیروی کرو گے تو میں تم پر زمین و آسمان کی برکتیں کھول دوں گا۔ پھر فرماتے ہیں کہ اگر تم مجھ پر ایمان لاؤ گے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو گے تو میں تمہیں خلافت بھی دے دوں گا جس کی تم آرزو رکھتے ہو۔

جناب والا! انسان کی تعمیر کے لئے عقائد ہی بنیاد ہیں خودی کی تعمیر کی، اخلاق کی تعمیر کی

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

اور اگر یہ اعتقاد ہی ختم ہو جائے تو تعمیر کس بات کی، ہم جب مکان بناتے ہیں تو اس کا نقشہ پہلے کیا ہوتا ہے؟ اس کی پہلے بنیاد ہوتی ہے تو جب بنیاد مضبوط ہو گی تو اتنا ہی اس کا مکان مضبوط ہو گا۔ اس پر انسان کا جتنا بھی ایمان مضبوط ہو گا، اسی قدر اس کا کردار مضبوط ہو گا، اس طرح سے جہاد فی سبیل اللہ کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف یہ نہیں کہ سر کاٹے جائیں بلکہ اس معاشرے میں تمام وہ بے انصافیاں، وہ تمام ظلم ہر طبقے پر جو روا رکھے گئے ان کو ختم کریں، حضرت موسیٰ علیہ اسلام کو فرعون کے پاس اس لئے بھیجا گیا کہ اس نے ملک میں فساد مچایا ہے۔ وہ فساد کیا تھا؟ اس نے کہا کہ میں تمہارا خدا ہوں کس قسم کا خدا؟ اس کو اللہ تعالیٰ نے فساد کہہ دیا اور اس کے لئے ایک رسول کو بھیج دیا، تو جناب اسلام کو سمجھنے کے لئے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ قرآن کو با معنی پڑھے۔ قرآن میں آتا ہے کہ بعض تم میں سے امین ہیں، وہ امین نہیں ہیں جو قرآن کو سوائے بڑبڑانے کے، نہیں سمجھتے فقط خیالی تکے چلا رہے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن بے معنی پڑھنا اس کو نہ سمجھنا اچھی بات نہیں۔

اب اگلی رپورٹ پر جب میں آؤں گا تو فقہ پر بحث کروں گا کہ کیسا فقہ کہاں کہاں سے شروع ہوا؟ اس کا جواب کہ یہ کیسے ہو گیا، یہ اس کے بعد کی بات ہے۔ جہاں تک عقائد کی بات ہے، عقائد کی حد تک تو جو مجھے سمجھ آئی، یا جو کچھ میرے دل میں تھا، وہ میں نے آپ کے سامنے پیش کر دیا، اور ساتھ ہی یہ کہنا چاہوں گا، اسلام کے بعد قرآن کے سوا، رسول کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ جتنا اس پر ہم چلیں گے اس کو ہم سمجھیں گے اتنے ہی ہمارے عقائد مضبوط ہوں گے عقائد، جیسے اللہ تعالیٰ نے امر اور نہی کا کہا ہے اگر ہم امر پر کاربند رہے اور نواہی سے اپنے آپ کو جدا رکھیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے عقائد بھی ٹھیک ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی برکتوں سے بھی ہم فیض یاب ہوں گے۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، جناب شہزاد برہان الدین، ایک عرض میں کر دوں کہ جہاں تک عام اسلام پر بحث کا تعلق ہے وہ عقیدے اور عبادت پر جیسے جوگزئی صاحب نے ارشاد فرمایا، بہت بصیرت افروز تھا لیکن بحث کا صحیح مطلب تب ہی حاصل ہو گا، کہ جو سفارشات ان پانچ رپورٹوں میں کی گئی ہیں۔ عقائد اور عبادت کو بھی بحث کے دوران زیر نظر رکھا جائے اور ان کے متعلق خواہ مثبت یا منفی کسی کی رائے ہو، اس کا بھی اظہار ہو سکے تاکہ حکومت کو آئندہ قوانین مرتب کرنے میں آسانی ہو، شکریہ!

شہزادہ برہان الدین خان مجاہد۔ جناب عالی! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے اس موضوع پر بات کرنے کی اجازت دی، میں بہت افسوس سے کہتا ہوں کہ اسلام جو سب سے مقبول اور آسان دین ہے جس کو کم سے کم فہم والا انسان بھی سمجھ سکتا ہے لیکن مسلمانوں نے اس کو سمجھنے کی کوشش کی اور نہ سمجھانے کی کوشش کی، بلکہ ہم لوگوں کے عملوں کی وجہ سے دوسرے مذاہب کے لوگ اسلام سے برگشتہ ہوتے جا رہے ہیں اسلام ہمارا دین ہے، میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ چند جاپانی میرے گھر میں آئے اور مجھ سے پوچھا ہم کس طریقے سے مسلمان ہو سکتے ہیں میں نے کہا مسلمان ہونا سب سے آسان ہے آپ صرف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ دل سے کہیں کہ خدا ایک ہے اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آخری پیغمبر ہیں اتنا کہو، پس آپ مسلمان ہو گئے، اور اس کے بعد پانچ اجزائے مسلمانی ہیں ان کو آپ مانیں۔ جب ان چیزوں کے اوپر آپ نے عقیدہ رکھ لیا اور ایک دفعہ آپ نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہا تو آپ جنتی ہیں کیونکہ جو اس کو دل سے کہے اور اس پر عقیدہ رکھے تو وہ جنتی ہے۔

جب انسان کہتا ہے کہ میں پیدا ہوا ہوں مجھے مرنا ضرور ہے اور جب میں مروں گا تو آخرت کے دن اپنے حقیقی بادشاہ کے سامنے میری پیشی ہوگی، تو میں اس کے سامنے کیا جواب دوں گا؟ اگر آدمی ہمیشہ کے واسطے اس چیز کو اپنے ذہن میں رکھے کہ میری حقیقی بادشاہ کے سامنے پیشی ہونی ہے۔ اور اس کے سامنے میں کیا کہوں گا، تو کوئی بھی غلط حرکت نہیں کرے گا، غلط حرکتیں اسی وجہ سے ہوتی ہیں کہ لوگوں کا اس چیز کے اوپر پورا ایمان نہیں ہوتا ہے۔ اسلام ہمارا دین ہے دین کا مطلب فعل ہے، اللہ سب سے پسندیدہ فعل اسلام ہے۔ وہ ہمارا دین ہے وہ دنیا کا دین ہے، وہ عالمگیر دین ہے اور باقی جو نماز وغیرہ ہے یہ اس کے طریقے ہیں طریقے ہر ایک کے الگ الگ ہیں مگر اسلام کے معنی کیا ہیں؟ اس کو آپ سمجھیں، اسلام کے معنی ہیں امن، اسلام کے معنی ہیں Peace، اسلام کے معنی ہیں "شانتی" کاش کہ ہم آج اس اسلام کو دنیا کے سامنے رکھیں کیونکہ دنیا کے لوگ آج peace کے بھوکے ہیں، لیکن ہم مسلمان آج اس کا کتنا برا نمونہ خود بن رہے ہیں جیسے ایران، عراق کو دیکھیں، لوگ اسلام کی طرف رجوع ہی نہیں کرتے، اگر ہم لوگ اسلام کے اوپر عمل کریں، اور جیسا کہ میں نے آپ سے عرض کیا کہ اسلام اتنا آسان دین ہے کہ کم سے کم فہم والے انسان کو بھی سمجھ آ سکتا ہے لیکن اسلام کو دشمنوں نے، عالموں کی صورت میں یا کسی اور صورت میں آ کر اتنا پیچیدہ کر

دیا ہے کہ ایک عام آدمی کے ذہن میں وہ نہیں آسکتا' تو یہ چیزیں ہیں ان کو سمجھنا چاہئے۔ اور جس نے ایک دفعہ کلمہ طیبہ پڑھا اس کو سمجھنا چاہئے کہ میں جنت میں جاؤں گا اگر اس عقیدے سے وہ اپنے آپ کو مسلمان بنائے اور جو باقی عبادات ہیں وہ کرے یوں تو ہر ایک انسان عبادت کرتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ دیکھو میں نے تمہیں انسان بنایا' تم اشرف المخلوقات ہو' تم کو میں نے تمام صلاحیتوں سے نوازا' یہ قرآن تمہاری ہدایت کے لئے ہے اس میں یہ اچھا ہے' یہ برا ہے' اس کے لئے جزا ہے اور اس کے لئے سزا ہے۔ اگر ہر انسان اس نقطہ نظر سے سوچے تو کوئی انسان کسی دوسرے پر انگلی نہیں اٹھائے گا ہر ایک کا اپنا اپنا عمل ہے' اور دین میں آزادی ہے۔

مجھے تو افسوس ہوتا ہے کہ ہم مسلمان اتنے کم ظرف ہو چکے ہیں۔ ایک ہزار سال ہم نے ہندوستان پر حکومت کی' میرا خیال تھا کہ اب ہم میں کچھ تھوڑا حکومت کرنے کا مادہ بھی ہو گا مگر کتنے افسوس کی بات ہے آج جب ہمارے سامنے ایک اسلامی قانون آتا ہے تو ہم سب مل کر اس اسلامی قانون کو لبیک نہیں کہتے ہیں' اور اس کے لئے قربانی نہیں دیتے ہیں کہ آؤ بھائیو' ہم سب مل کر اپنے قانون کو نبھائیں' نہ ہم میں وہ حب الوطنی کا جذبہ ہے نہ ہم میں وہ ایمان داری کا جذبہ رہ گیا ہے۔ جس سے ہم اپنی زبان کو اپنی قوم کو ایک بنائیں۔ جس انسان کو اپنے مذہب کے اوپر' اپنی قوم کے اوپر' اپنے ملک کے اوپر' فخر نہیں ہو گا' وہ کبھی اسلام نہیں لا سکتا' اور نہ ہی وہ مسلمان بن سکتا ہے سب سے زیادہ ضروری انسان کے لئے یہ ہے کہ انسان کو اپنے اوپر' اپنی قوم کے اوپر' اپنے ملک کے اوپر فخر ہونا چاہئے اور وہ اس وقت آئے گا جب خدا کے اوپر اس کا یقین محکم ہو جائے گا۔

ہمارے صدر صاحب نے بہت اچھا کیا ہے کہ جتنے دفاتر ہیں ان میں نماز پڑھنے کا حکم دیا' مگر ایک جو چیز غلط کی' وہ کیا ہے؟ مسلمانوں کا امام وہی ہونا چاہئے جو ہمارا صدر ہے اسی کو جمعہ کی نماز پڑھانا چاہئے' اسی کو عید کی نماز پڑھانی چاہئے۔ اور دفاتر میں جتنے بڑے بڑے افسر ہیں وہ خود آکر لوگوں کے سامنے امامت کریں' تب جا کر ان کی بات مانی جائے گی' اب ہر ایک گاؤں میں ہم ایک امام کو کھڑا کر دیتے ہیں اور اس امام کو تھوڑے سے پیسے دیتے ہیں' لوگ آکر اس کے پیچھے نماز پڑھ کر چلے جاتے ہیں نہ اس کی کوئی بات مانتا ہے' نہ کوئی اس کی باتوں کی پرواہ کرتا

ہے تو وہ کیسا امام ہے۔ امام کا احترام یہ ہے کہ لوگ اس کے پیچھے جائیں گے اور اس کے پیچھے مریں گے اسلامی امامت تو وہ ہے۔

ابھی نماز، عقیدہ تو میں نے آپ کو بتایا ہی ہے کہ "امنت باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر" اگر ہر ایک انسان جہاں تک ہو سکے اللہ کی عبادت کرے جتنی عبادت کرے گا جیسے آپ حلوہ بنائیں، چینی جتنی زیادہ اس میں ڈالیں اتنا اچھا ہو گا۔ عبادت انسان جتنی زیادہ کرے گا اس کو فائدہ زیادہ ہو گا۔ مگر اپنی عبادت کو دوسروں کے اوپر حاوی نہ کرے۔ عبادت ہم سب کرتے ہیں مگر یہ نہیں کہ دوسروں کو کہیں کہ بھائی تم بھی کرو۔ کوئی کسی مجبوری کی وجہ سے نہیں کرتا۔ مگر ہر محکمہ کے جو افسر ہیں وہ اگر آگے ہو جائیں تو ان کو دیکھ کر ان کے نمونے سے لوگوں کا عقیدہ بڑھ جائے گا کہ دیکھو ہمارے افسر بھی صحیح صحیح مسلمان ہیں اور ہماری وہ صحیح نشاندہی کر رہے ہیں۔ تو میں یہی عرض کروں گا کہ سب سے پہلے افسروں کو یہ نمونہ دینا چاہیئے۔ جو چیز آدمی کرے دوسروں کے لئے نمونہ ہو اب جب کہ ہم اب دوسروں کے لئے نمونہ بن کر دکھائیں تو میرے خیال میں کوئی بھی ایسی مشکل چیز نہیں رہے گی اسلام بڑا سیدھا سادہ مذہب ہے اور اس میں کوئی بھی پیچیدگیاں نہیں ہیں۔ مگر یہ یاد رکھیں کہ کسی پر انگلی مت اٹھائیں "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" جو بھی کہے وہ مسلمان ہے۔ اس کے اوپر کسی کو طعنہ زنی نہیں کرنی چاہیئے اور کوئی بھی ایک دوسرے پر انگلی نہ اٹھائے جو بھی دوسرے پر انگلی اٹھائے اس کو ملک اور اسلام کا دشمن سمجھ کر سزا دینی چاہیئے۔ اسی کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ اور کوئی صاحب؟ کیا ارادے ہیں پھر ایڈجرن کریں۔

So there is no Speaker for today, then I think, we have to adjourn the House, to meet again on Sunday at 4.30 as Private Members Day.

---

*[The House Adjourned to meet at half past four of the clock in the evening on Sunday, February 23rd, 1986].*

---

PCPPI–2433(86)Senate–6·3·1988–300.